سوال

(447)بحالت جنابت نماز پڑھ لینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں بحالت جنابت تھا کہ میں نے فجر ظہر عصر مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھ لیں اور یہ بات بھول گیا کہ میں جنبی ہوں اور یہ بات مجھے اگلے دن یاد آئی۔ تو کیا میں ان نمازوں کو دوبارہ پڑھوں یا بھول چوک کی وجہ سے میری یہ نمازیں صحیح ہوں گی؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان نمازوں کو دوبارہ پڑھنا لازم ہے۔ کیونکہ جو شخص حدث اصغر یا اکبر کی حالت میں نماز پڑھ لے تو اس کی نماز باطل ہے۔ خواہ اس نے بھول کر پڑھا ہو کیونکہ اس نے نماز کے بارے میں اہتمام نہیں کیا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب غسل کیے بغیر حالت احتلام میں نماز پڑھ لی تھی تو انہوں نے اس نماز کو دوبارہ پڑھا تھا۔ (شیخ ابن جبرین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

صفحہ نمبر392

محدث فتویٰ